# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (کلیہ عربی و علوم اسلامیہ)

شعبہ اسلامی فکر، تاریخ وثقافت

| | |
|---|---|
| کورس: تاریخ اسلام (دور بنو امیہ تا عہد حاضر) | سمسٹر: بہار 2014ء |
| کورس کوڈ: 4602 (03 کریڈٹ آورز) | کل نمبر: 100 |
| سطح: ایم اے اسلامیات | کامیابی کے نمبر: 40 |

## بستہ برائے طلبہ

عزیز طلبہ: السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اس ڈاک کے ہمراہ آپ کو مندرجہ ذیل مواد بھیجا جا رہا ہے۔ اگر اس بستہ میں کسی چیز کی کمی ہو تو اس کی اطلاع شعبہ ترسیل، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد کو دیجئے تاکہ اس کی کو پورا کیا جا سکے۔

| | | |
|---|---|---|
| 1 | بستہ برائے طلبہ | ایک عدد |
| 2 | مطالعاتی رہنما وکتاب | ایک عدد |
| 3 | امتحانی مشقیں | دو عدد |
| 4 | فارم برائے امتحانی مشقیں | دو سیٹ |

کورس رابطہ کار
**ڈاکٹر محمد سجاد**
چیئر مین
شعبہ اسلامی فکر، تاریخ وثقافت
علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
فون نمبر: 9057373, 9250086

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیہ عربی و علوم اسلامیہ

### شعبہ اسلامی فکر، تاریخ وثقافت

عزیز طلبہ! السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

ایم اے علوم اسلامیہ کوڈ نمبر 4602 (دور بنو امیہ تا عہد حاضر) میں ہم آپ کو خوش آمدید کہتے ہیں اور دینی تعلیم سے آپ کی دلچسپی کی قدر کرتے ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ ان شاء اللہ آپ اس کورس کو بہت مفید پائیں گے۔

آپ کی توجہ کے لیے یہ بات بتانا ضروری ہے کہ فاصلاتی نظام تعلیم میں بذریعہ مراسلت تعلیم حاصل کرنے کے لیے آپ کو زیادہ محنت کرنا ہوگی اور پابندی وقت اور مستقل مزاجی کے ساتھ مطالعہ کرنے کی عادت اپنانا ہوگی۔

آپ کا کورس "4602 (دور بنو امیہ تا عہد حاضر)" 9 یونٹوں پر مشتمل ہے۔ ان ہی یونٹوں میں سے آپ کے 03 کریڈٹ کی 2 مشقیں تیار کی جاتی ہیں۔

## مشقیں حل کرنے کے راہنما اصول

1۔ مشقی سوالات کے جوابات کے لیے اچھا کاغذ استعمال کریں اور کوشش کریں کہ اس کے صرف ایک طرف لکھیں۔

2۔ کاغذ کے چاروں طرف مناسب حاشیہ چھوڑ دیں۔

3۔ جوابات تحریر کرنے سے قبل سوالات کا بغور مطالعہ کریں اور انہیں اچھی طرح سے سمجھیں۔ اگر کوئی سوال مختلف اجزاء پر مشتمل ہو تو ہر جزو کا جواب علیحدہ لکھیں۔

4۔ اگر سوال میں کسی موضوع کے متعلق پوچھا گیا ہو تو کتاب کی عبارت نقل کرنے کے بجائے اپنے الفاظ میں جواب لکھیں۔ اگر آپ تحقیقی اسلوب اپنانا چاہیں تو اس کا خیر مقدم کیا جائے گا۔ ایم اے کی سطح پر مشقیں حل کرنے کے لیے تحقیقی اسلوب اختیار کرلینا یقیناً نمبروں میں اضافے کا باعث بھی بنے گا اور اعلیٰ ڈگریوں کے حصول کے لیے راستہ بھی ہموار کرے گا۔

5۔ سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کریں جہاں اختصار مطلوب ہو اختصار سے اور جہاں تفصیل مطلوب ہو تو تفصیل سے کام لیں، ہر صورت میں آپ کا جواب مدلل اور جامع ہونا چاہیے۔ یہ ضروری نہیں کہ آپ کو ہر سوال کا جواب ایک ہی عنوان کے تحت یا ایک ہی صفحہ پر مل جائے بلکہ آپ کو بعض سوال حل کرنے کے لئے متعدد عنوانات یا صفحات میں سے متعلقہ

مواد اکٹھا کر کے ایک مقام پر جمع کرنا پڑے گا۔

6۔ مشقوں میں دیے گئے سوالات کی ترتیب کے مطابق جوابات تحریر کریں، جیسے سوال نمبر 1، 2، 3، 4

7۔ ہر سوال کے جواب یا ہر مشق کی تکمیل کے بعد نظر ثانی کے طور پر اسے ضرور پڑھیں تا کہ اغلاط کی تصحیح ہو جائے۔

8۔ قرآنی آیات اور احادیث تحریر کرتے وقت غلطیوں سے بچنے کے لیے خوب احتیاط سے کام لیں اور انہیں عام عبارت سے نمایاں کرنے کی کوشش کریں۔

9۔ مشقوں کے جوابات کے ساتھ "فارم برائے مشقی کام" کے تین پرت خود پر کر کے ارسال کریں۔ ہر ایک پرت پر اپنا نام و پتہ اور اپنے ٹیوٹر کا نام و پتہ خوش خط لکھیں اور اپنے دستخط بھی ثبت کریں۔

10۔ جوابات پر مشتمل اوراق کو ترتیب وار نتھی کریں اور ہر ایک صفحے پر نمبر لگائیں۔

11۔ اپنے ٹیوٹر کو مقررہ شیڈول کے مطابق مشقیں ارسال کریں اور مشق ارسال کرنے کی تاریخ ضرور لکھیں۔

12۔ مشقی کام حل کرنے کے دوران اگر کوئی مشکل یا ابہام پیش آئے تو اپنے ٹیوٹر سے رابطہ قائم کریں۔ اگر کسی وجہ سے متعلقہ ٹیوٹر سے رابطہ نہ ہو سکے اپنے ریجنل آفس سے رابطہ کریں، اگر وہاں سے بھی معلومات نہ مل سکیں تو ہمیں اطلاع دیں۔ اگر آپ چاہیں تو یونیورسٹی ہذا کی فیکلٹی آف عربیک اینڈ اسلامک سٹڈیز کے فکر اسلامی تاریخ وثقافت میں دفتری اوقات میں ہم سے ملاقات بھی کر سکتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ آپ کا حامی وناصر ہو۔ اپنی دعاؤں میں ہمیں ضرور یاد رکھیں۔

والسلام

کورس رابطہ کار

ڈاکٹر محمد سجاد

چیئرمین شعبہ اسلامی فکر، تاریخ وثقافت

9250086, 9057373

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (کلیہ عربی و علوم اسلامیہ)

شعبہ اسلامی فکر، تاریخ وثقافت

کورس: تاریخ اسلام (دور بنو امیہ تا عہد حاضر)
کورس کوڈ: 4602 (03 کریڈٹ آورز)
سطح: ایم اے اسلامیات

سمسٹر: بہار 2014ء
کل نمبر: 100
کامیابی کے نمبر: 40

## وارننگ

**عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:**

**1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی جعلی سٹوڈنٹ سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔**

**2- کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔**

## امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ 1 تا 4)

کل نمبر: 100

سوال نمبر ۱ عبدالملک بن مروان کے عہد حکومت کے نمایاں پہلوؤں کا جائزہ لیں۔

سوال نمبر ۲ حضرت عمر بن عبدالعزیز کی سیرت اور اصلاحات پر نوٹ لکھیں۔

سوال نمبر ۳ ولید بن عبدالملک کے عہد کی فتوحات پر جامع مضمون قلمبند کیجئے۔

سوال نمبر ۴ درج ذیل پر مفصل نوٹ تحریر کریں۔

(۱) بنو امیہ کے زوال کے اسباب (۲) معتزلہ عقائد اور نظریات

## امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ نمبر 5 تا 9)

کل نمبر: 100

سوال نمبر ۱ ہارون الرشید کا عہد، خلافت عباسیہ کا عہد زریں ہے۔ بحث کریں۔

سوال نمبر ۲ اندلس میں مسلم حکومت کے آغاز و ارتقاء کا تفصیلی جائزہ لیں۔

سوال نمبر ۳ برصغیر میں خاندان مغلیہ کی حکومت کے نمایاں پہلوؤں کی وضاحت کریں

سوال نمبر ۴ مندرجہ ذیل پر نوٹ لکھیں۔

(۱) خلافت عثمانیہ کے مختلف ادوار کا جائزہ (۲) صلیبی جنگیں اور اس کے اثرات